NHS Greater Glasgow and Clyde	معلومات برائے **کارڈیک (دل) سی ٹی اسکینز** (Information about Cardiac (Heart) CT Scans - Urdu)

براہ کرم ذیل کے مرحلوں پر عمل کریں:

1. براہ کرم دل سے متعلق کوئی بھی دوا لینا جاری رکھیں جو ہوسکتا ہے آپ کو پہلے ہی تجویز کی گئی ہو۔
2. ڈپارٹمنٹ میں آنے کے وقت اپنی ان تمام موجودہ دواؤں کی فہرست ساتھ لے کر آئیں جو آپ لے رہے ہیں۔
3. اپنے اپائنٹمنٹ سے **12 گھنٹے قبل** ایسی مشروبات پینے سے بچیں جس میں کیفین ہو جیسے چائے، کافی، انرجی ڈرنکس وغیرہ، یہ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے ہے کہ اسکین کے لیے آپ کے دل کی رفتار سست اور ہموار رہے۔
4. آپ کا اپائنٹمنٹ **آپ کے حقیقی وقت سے ایک گھنٹہ قبل** کا ہوگا تاکہ ایک کامیاب اسکین کے لیے ضروری تیاریاں کی جاسکیں۔
5. ایکسرے کے ڈپارٹمنٹ میں آنے پر ہم آپ سے کپڑے بدل کر اسپتال کا گاؤن پہننے کے لیے کہیں گے۔ ہم آپ کا فشار خون، نبض، وزن اور قد چیک کریں گے۔
6. ہم آپ سے آپ کے اسکین سے متعلق سوالات پوچھیں گے۔ ان سوالات کے جوابات کی بنیاد پر ہم آپ کے دل کی دھڑکن کو کم کرنے کے لیے آپ کو دوا دے سکتے ہیں۔
7. ہم آپ کے بازو کی رگ میں ایک چھوٹا پلاسٹک کا کینولا (نلی) داخل کریں گے (عام طور پر دائیں بازو میں تاکہ ہم کنٹراسٹ ڈائی انجیکٹ کرسکیں جس سے اسکین آپ کے دل کے گرد کی شریانوں کو دکھا سکے)۔
8. سی ٹی اسکین بہت ہی مختصر جانچ ہے (30-8 سیکنڈ)۔ تاہم اسکین میں **20 منٹ** تک کا وقت لگ سکتا ہے جس کے دوران آپ ٹیبل پر لیٹے رہتے ہیں۔ یہ زیادہ تر تیاری کا وقت ہے۔

کوئی دیگر سوالات ہیں؟

اگر آپ کے کوئی سوالات ہوں تو براہ کرم عملہ سے پوچھیں۔

MI • 299132 1.0 ورژن - Urdu

Equalities In Health

نظرثانی کی تاریخ: اگست 2019